| 83. And when We took a covenant from the Children of Israel, (saying): "Do not worship (any) except Allah, and be good to parents, and the kindred, and the orphans, and the needy, and speak good to mankind, and establish prayer, and give the poor due. Then you turned away, except a few among you, while you are backsliders." | وَاِذْ اَخَذْنَا مِيْثَاقَ بَنِيْٓ اِسْرَاۗءِيْلَ لَا تَعْبُدُوْنَ اِلَّا اللّٰهَ ڭ وَبِالْوَالِدَيْنِ اِحْسَانًا وَّذِي الْقُرْبٰى وَالْيَتٰمٰى وَالْمَسٰكِيْنِ وَقُوْلُوْا لِلنَّاسِ حُسْنًا وَّاَقِيْمُوا الصَّلٰوةَ وَاٰتُوا الزَّكٰوةَ ۭ ثُمَّ تَوَلَّيْتُمْ اِلَّا قَلِيْلًا مِّنْكُمْ وَاَنْتُمْ مُّعْرِضُوْنَ ۝۸۳ |

| |
|---|
| اور کہتے ہیں کہ ہرگز نہ چھوئے گی ہمیں دوزخ کی آگ مگر |
| چند دن گنتی کے ۔ کہو کیا لے چکے ہو تم بارگاہِ الٰہی سے |
| کوئی وعدہ کہ ہرگز نہیں خلاف کرے گا اللہ اپنے وعدے کے |
| یا کہتے ہو تم اللہ کے بارے میں |
| ایسی باتیں جن کا تمہیں کچھ علم نہیں ۝۸۰ |
| کیوں نہیں! جس نے کمائی کوئی بدی اور گھیر لیا اس کو |
| اس کے گناہوں نے، سو ایسے ہی لوگ ہیں اہلِ دوزخ، |
| وہ اسی میں رہیں گے ہمیشہ ۝۸۱ |
| اور جو لوگ ایمان لائے اور کیے اُنھوں نے نیک عمل بھی |
| وہی ہیں اہلِ جنّت |
| وہ اسی میں رہیں گے ہمیشہ ۝۸۲ |
| اور جب لیا تھا ہم نے پختہ عہد بنی اسرائیل سے |
| کہ نہ بندگی کرنا تم مگر اللہ کی اور والدین کے ساتھ |
| حسنِ سلوک کرنا اور قرابت داروں اور یتیموں |
| اور مسکینوں کے ساتھ بھی اور کہنا لوگوں سے اچھی بات |
| اور قائم رکھنا نماز کو اور ادا کرتے رہنا زکوٰۃ |
| مگر پھر گئے تم (اس عہد سے) سوائے چند ایک کے تم میں سے |
| اور تم تو ہو ہی پھر جانے والے ۝۸۳ |

| | | |
|---|---|---|
| وَاِذْ اَخَذْنَا مِيْثَاقَكُمْ لَا تَسْفِكُوْنَ دِمَآءَكُمْ وَلَا تُخْرِجُوْنَ اَنْفُسَكُمْ مِّنْ دِيَارِكُمْ ثُمَّ اَقْرَرْتُمْ وَاَنْتُمْ تَشْهَدُوْنَ ﴿۸۴﴾ | 84. And when We took your covenant, (saying): "Do not shed your (each other's) blood, nor expel yourselves (one another) from your homes." Then you acknowledged, and you are a witness (to it). | اور جب لیا تھا ہم نے پختہ عہد تم سے کہ نہ بہانا تم<br>آپس میں خون اور نہ نکالنا اپنوں کو اپنے وطن سے<br>پھر تم نے اس کا اقرار کیا تھا اور تم خود اس پر گواہ ہو ﴿۸۴﴾ |
| ثُمَّ اَنْتُمْ هٰٓؤُلَآءِ تَقْتُلُوْنَ اَنْفُسَكُمْ وَتُخْرِجُوْنَ فَرِيْقًا مِّنْكُمْ مِّنْ دِيَارِهِمْ تَظٰهَرُوْنَ عَلَيْهِمْ بِالْاِثْمِ وَالْعُدْوَانِ وَاِنْ يَّاْتُوْكُمْ اُسٰرٰى تُفٰدُوْهُمْ وَهُوَ مُحَرَّمٌ عَلَيْكُمْ اِخْرَاجُهُمْ اَفَتُؤْمِنُوْنَ بِبَعْضِ الْكِتٰبِ وَتَكْفُرُوْنَ بِبَعْضٍ فَمَا جَزَآءُ مَنْ يَّفْعَلُ ذٰلِكَ مِنْكُمْ اِلَّا خِزْيٌ فِي الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا وَيَوْمَ الْقِيٰمَةِ يُرَدُّوْنَ اِلٰٓى اَشَدِّ الْعَذَابِ وَمَا اللّٰهُ بِغَافِلٍ عَمَّا تَعْمَلُوْنَ ﴿۸۵﴾ | 85. Then, you are those who kill yourselves (one another), and you expel a faction of you (your people) from their homes, supporting (one another) against them by sin and transgression. And if they come to you as captives, you would ransom them, although their expulsion was forbidden to you. Then do you believe in part of the Scripture, and disbelieve you in part. Then what is the recompense of those who do so among you, except disgrace in the life of the world, and on the Day of Resurrection they will be sent back to the severest of punishment. And Allah is not unaware of what you do. | پھر تم ہی وہ لوگ ہو کہ قتل کرتے ہو اپنوں کو<br>اور نکال دیتے ہو اپنے ہی ایک گروہ کو اُن کے وطن سے<br>چڑھائی کرتے ہو اُن پر گناہ اور زیادتی سے<br>اور اگر آتے ہیں وہ تمہارے پاس قیدی بن کر<br>تو چھڑا لیتے ہو تم ان کو فدیہ دے کر، حالانکہ سرے سے حرام تھا<br>تمہارے لیے اُن کا نکالنا ہی۔ تو کیا تم ایمان لاتے ہو<br>کتاب اللہ کے ایک حصے پر اور کفر کرتے ہو دوسرے حصے کے ساتھ<br>سو نہیں ہے سزا اس شخص کی جو کرے ایسا تم میں سے<br>سوائے رُسوائی کے، دُنیاوی زندگی میں<br>اور قیامت کے دن پھیر دیے جائیں گے یہ لوگ<br>سخت ترین عذاب کی طرف اور نہیں ہے اللہ<br>بے خبر ان (حرکتوں) سے جو تم کرتے ہو ﴿۸۵﴾ |
| اُولٰٓئِكَ الَّذِيْنَ اشْتَرَوُا الْحَيٰوةَ الدُّنْيَا بِالْاٰخِرَةِ فَلَا يُخَفَّفُ عَنْهُمُ الْعَذَابُ وَلَا هُمْ يُنْصَرُوْنَ ﴿۸۶﴾ | 86. Such are those who have bought the life of the world (in exchange) for the Hereafter. So the punishment will not be lightened from them, nor will they be helped. | یہ وہ لوگ ہیں جنہوں نے خرید لی ہے<br>دُنیاوی زندگی آخرت کے بدلے<br>لہٰذا نہ تو کمی کی جائے گی ان کے عذاب میں<br>اور نہ اُن کو کوئی مدد پہنچے گی ﴿۸۶﴾ |

| | | |
|---|---|---|
| 87. And certainly, We gave Moses the Scripture, and followed up after him with a succession of messengers. And We gave Jesus, son of Mary, clear signs, and We supported him with the Holy spirit. Is it that, whenever there came to you a messenger (from Allah) with that which you yourselves desired not, you were arrogant. Then a group you disbelieved, and another group you killed. | وَلَقَدْ اٰتَيْنَا مُوْسَى الْكِتٰبَ وَقَفَّيْنَا مِنْۢ بَعْدِهٖ بِالرُّسُلِ ۚ وَاٰتَيْنَا عِيْسَى ابْنَ مَرْيَمَ الْبَيِّنٰتِ وَاَيَّدْنٰهُ بِرُوْحِ الْقُدُسِ ؕ اَفَكُلَّمَا جَآءَكُمْ رَسُوْلٌۢ بِمَا لَا تَهْوٰٓى اَنْفُسُكُمُ اسْتَكْبَرْتُمْ ۚ فَفَرِيْقًا كَذَّبْتُمْ ۚ وَفَرِيْقًا تَقْتُلُوْنَ ﴿۸۷﴾ | اور بیشک دی ہم نے مُوسیٰؑ کو کتاب اور پے در پے بھیجے بعد موسیٰؑ کے رُسول اور عطا کیں ہم نے عیسیٰؑ ابن مریم کو کھُلی نشانیاں اور مدد کی ہم نے اُس کی رُوح القدسؑ سے۔ تو پھر کیا (ایسا نہیں ہُوا کہ) جب بھی آیا تمہارے پاس کوئی رُسول ایسے احکام لے کر جو خلاف تھے تمہاری خواہشاتِ نفس کے، تو تم سرکش ہو گئے پھر بعض رُسولوں کو تم نے جھٹلایا اور بعض کو قتل ہی کر ڈالا ﴿۸۷﴾ |
| 88. And they say: “Our hearts are covered over.” Nay, but Allah has cursed them for their disbelief. So little is that which they believe. | وَقَالُوْا قُلُوْبُنَا غُلْفٌ ؕ بَلْ لَّعَنَهُمُ اللّٰهُ بِكُفْرِهِمْ فَقَلِيْلًا مَّا يُؤْمِنُوْنَ ﴿۸۸﴾ | اور وہ کہتے ہیں کہ ہمارے دلوں پر غلاف چڑھے ہُوئے ہیں نہیں، بلکہ لعنت بھیج دی ہے اُن پر اللہ نے اُن کے کُفر کے سبب، سو وہ کم ہی ایمان لاتے ہیں ﴿۸۸﴾ |
| 89. And when there came to them a Book (the Quran) from Allah, confirming that which is with them, though before that they used to ask for a victory over those who disbelieved. Then when there came to them that which they recognized (to be the truth), they disbelieved in it. So the curse of Allah is upon the disbelievers. | وَلَمَّا جَآءَهُمْ كِتٰبٌ مِّنْ عِنْدِ اللّٰهِ مُصَدِّقٌ لِّمَا مَعَهُمْ ۙ وَكَانُوْا مِنْ قَبْلُ يَسْتَفْتِحُوْنَ عَلَى الَّذِيْنَ كَفَرُوْا ۚ فَلَمَّا جَآءَهُمْ مَّا عَرَفُوْا كَفَرُوْا بِهٖ ۚ فَلَعْنَةُ اللّٰهِ عَلَى الْكٰفِرِيْنَ ﴿۸۹﴾ | اور جب آئی ان کے پاس ایک کتاب اللہ کی طرف سے تصدیق کرتی ہُوئی ان کتابوں کی جو ان کے پاس موجود ہیں اور اُن کی حالت یہ تھی اس سے پہلے کہ دُعائیں مانگا کرتے تھے فتح کی کافروں پر۔ پھر جب آ گیا ان کے پاس وہ جس کو اُنہوں نے پہچان بھی لیا تو ماننے سے انکار کر دیا اُسے پس پھٹکار اللہ کی ان منکروں پر ﴿۸۹﴾ |

| | | |
|---|---|---|
| 90. How evil is that for which they have sold their own selves, that they would disbelieve in that which Allah has revealed (the Quran), grudging that Allah would send down of His favor upon whom He wills from among His servants. So they have drawn on themselves wrath upon wrath. And for the disbelievers there is a humiliating punishment. | بِئْسَمَا اشْتَرَوْا بِهٖٓ اَنْفُسَهُمْ اَنْ يَّكْفُرُوْا بِمَآ اَنْزَلَ اللّٰهُ بَغْيًا اَنْ يُّنَزِّلَ اللّٰهُ مِنْ فَضْلِهٖ عَلٰى مَنْ يَّشَآءُ مِنْ عِبَادِهٖ ۚ فَبَآءُوْ بِغَضَبٍ عَلٰى غَضَبٍ ۭ وَلِلْكٰفِرِيْنَ عَذَابٌ مُّهِيْنٌ ۝۹۰ | بہت بُری ہے وہ چیز کہ بیچ دیا ہے اُنھوں نے<br>اس کے بدلے میں اپنی جانوں کو، وہ یہ کہ انکار کرتے ہیں وہ<br>اس کا جو نازل کیا ہے اللہ نے، محض اس ضد کی بنا پر<br>کہ نازل کر رہا ہے اللہ اپنا فضل (قرآن)<br>جس پر چاہتا ہے اپنے بندوں میں سے۔ سو وہ گرفتار ہو گئے<br>(اللہ کے) پے در پے غضب میں۔ اور کافروں کے لیے ہے<br>عذاب ذِلّت آمیز ۝۹۰ |
| 91. And when it is said to them: "Believe in that which Allah has revealed," they say: "We believe in that which was revealed to us." And they disbelieve in that which came after it, though it is the truth confirming that which is with them. Say (O Muhammad): "Then why did you kill the prophets of Allah before, if you are believers." | وَاِذَا قِيْلَ لَهُمْ اٰمِنُوْا بِمَآ اَنْزَلَ اللّٰهُ قَالُوْا نُؤْمِنُ بِمَآ اُنْزِلَ عَلَيْنَا وَيَكْفُرُوْنَ بِمَا وَرَاۗءَهٗ ۚ وَهُوَ الْحَقُّ مُصَدِّقًا لِّمَا مَعَهُمْ ۭ قُلْ فَلِمَ تَقْتُلُوْنَ اَنْۢبِيَاۗءَ اللّٰهِ مِنْ قَبْلُ اِنْ كُنْتُمْ مُّؤْمِنِيْنَ ۝۹۱ | اور جب کہا جاتا ہے ان سے کہ ایمان لاؤ اس پر جو<br>نازل کیا ہے اللہ نے تو وہ کہتے ہیں ایمان لاتے ہیں ہم اس پر جو<br>نازل کیا گیا ہم پر اور انکار کرتے ہیں ماننے سے ہر اس چیز کے جو<br>اس کے علاوہ ہے حالانکہ وہ حق ہے جو تصدیق کرتا ہے<br>اس (کتاب) کی جو ان کے پاس موجود ہے۔ ان سے کہو آخر کیوں<br>قتل کرتے رہے ہو تم اللہ کے نبیوں کو اس سے پہلے<br>اگر تھے تم ایمان والے؟ ۝۹۱ |
| 92. And certainly, Moses came to you with clear signs, then you took the calf (for worship) after he was away, and you were wrongdoers. | وَلَقَدْ جَاۗءَكُمْ مُّوْسٰى بِالْبَيِّنٰتِ ثُمَّ اتَّخَذْتُمُ الْعِجْلَ مِنْۢ بَعْدِهٖ وَاَنْتُمْ ظٰلِمُوْنَ ۝۹۲ | اور یقیناً آئے تمہارے پاس موسیٰؑ کھلی نشانیاں لے کر<br>پھر بھی پُوجنا شروع کر دیا تم نے بچھڑے کو<br>موسیٰؑ (کے طُور پر جانے) کے بعد اور تم ظلم کر رہے تھے ۝۹۲ |

| | | |
|---|---|---|
| وَاِذْ اَخَذْنَا مِيْثَاقَكُمْ وَرَفَعْنَا فَوْقَكُمُ الطُّوْرَ ؕ خُذُوْا مَآ اٰتَيْنٰكُمْ بِقُوَّةٍ وَّاسْمَعُوْا ؕ قَالُوْا سَمِعْنَا وَعَصَيْنَا ۗ وَاُشْرِبُوْا فِىْ قُلُوْبِهِمُ الْعِجْلَ بِكُفْرِهِمْ ؕ قُلْ بِئْسَمَا يَاْمُرُكُمْ بِهٖٓ اِيْمَانُكُمْ اِنْ كُنْتُمْ مُّؤْمِنِيْنَ ﴿۹۳﴾ | 93. And when We took your covenant, and We raised the Mount above you, (saying): "Hold firmly to that which We have given you, and hear (Our Word)." They said: "We hear and we disobey." And their hearts absorbed (the worship of) the calf because of their disbelief. Say: "Evil is that which your faith enjoins on you, if you are believers." | اور جب لیا تھا ہم نے تم سے عہد اور اُٹھا رکھا تھا<br>تمہارے اُوپر کوہِ طور کو۔ (اور حکم دیا تھا کہ) پکڑے رہو<br>اس کتاب کو جو دی ہے ہم نے تمہیں زور سے اور سنو (احکام الٰہی)<br>اُنہوں نے کہا: سن تو لیا ہم نے، مگر مانیں گے نہیں<br>اور رچ بس گیا تھا اُن کے دلوں میں بچھڑا ہی ان کے کفر کے سبب<br>تم کہہ دو بہت ہی بُرے ہیں وہ کام جن کے کرنے کا حکم دیتا ہے تم کو<br>تمہارا ایمان اگر ہو تم مومن ﴿۹۳﴾ |
| قُلْ اِنْ كَانَتْ لَكُمُ الدَّارُ الْاٰخِرَةُ عِنْدَ اللّٰهِ خَالِصَةً مِّنْ دُوْنِ النَّاسِ فَتَمَنَّوُا الْمَوْتَ اِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ ﴿۹۴﴾ | 94. Say: "If the home of the Hereafter with Allah is exclusively for you, instead of (other) people, then wish for death, if you are truthful." | ان سے کہو اگر ہے تمہارے ہی لیے آخرت کا گھر<br>اللہ کے ہاں مخصوص، دوسرے انسانوں کے لیے نہیں،<br>تو تمنا کرو موت کی اگر ہو تم سچے ﴿۹۴﴾ |
| وَلَنْ يَّتَمَنَّوْهُ اَبَدًا ۢ بِمَا قَدَّمَتْ اَيْدِيْهِمْ ؕ وَاللّٰهُ عَلِيْمٌۢ بِالظّٰلِمِيْنَ ﴿۹۵﴾ | 95. And never will they wish for it, ever, because of that which their own hands have sent forth. And Allah is All Aware of the wrongdoers. | اور ہرگز نہیں تمنا کریں گے یہ لوگ موت کی، کبھی بھی<br>بسبب ان (گناہوں) کے جنہیں آگے بھیج چکے ہیں (کما کر) یہ اپنے ہاتھوں<br>اور اللہ خوب جانتا ہے ان ظالموں کو ﴿۹۵﴾ |

| | | |
|---|---|---|
| 96. And you will surely find them the most greedy of mankind for life, and (even) more than those who associate partners (to Allah). Everyone of them wishes if he could be given life of a thousand years. But it would not remove him in the least from the punishment, even (the grant) of a life. And Allah is All Seer of what they do. | وَلَتَجِدَنَّهُمْ اَحْرَصَ النَّاسِ عَلٰى حَيٰوةٍ ۛ وَمِنَ الَّذِيْنَ اَشْرَكُوْا ۛ يَوَدُّ اَحَدُهُمْ لَوْ يُعَمَّرُ اَلْفَ سَنَةٍ ۚ وَمَا هُوَ بِمُزَحْزِحِهٖ مِنَ الْعَذَابِ اَنْ يُّعَمَّرَ ۗ وَاللّٰهُ بَصِيْرٌۢ بِمَا يَعْمَلُوْنَ ﴿٩٦﴾ | اور یقیناً پاؤ گے تم ان (یہودیوں) کو سب سے بڑھ کر حریص<br>جینے کا، اور ان لوگوں سے بھی زیادہ جو مشرک ہیں<br>چاہتا ہے، ان میں سے ہر ایک کہ کاش ملے اس کو عمر ہزار سال کی<br>حالانکہ نہیں ہے بچانے والا اُس کو عذاب سے<br>یہ اس قدر عمر کا ملنا بھی۔ اور اللہ دیکھ رہا ہے<br>اس کو جو یہ کر رہے ہیں ﴿٩٦﴾ |
| 97. Say (O Muhammad): "Whoever is an enemy to Gabriel, for indeed he has brought it (the Quran) down to your heart by Allah's permission, confirming that which was (revealed) before it, and a guidance and glad tidings for the believers." | قُلْ مَنْ كَانَ عَدُوًّا لِّجِبْرِيْلَ فَاِنَّهٗ نَزَّلَهٗ عَلٰى قَلْبِكَ بِاِذْنِ اللّٰهِ مُصَدِّقًا لِّمَا بَيْنَ يَدَيْهِ وَهُدًى وَّبُشْرٰى لِلْمُؤْمِنِيْنَ ﴿٩٧﴾ | کہہ دو! جو شخص ہے دشمن جبریلؑ کا<br>(اسے معلوم ہونا چاہیے) کہ جبریلؑ ہی نے تو اُتارا ہے قرآن<br>تمہارے قلب پر، اللہ کے حکم سے تصدیق کرتا ہُوا<br>ان (کتابوں) کی جو ان کے پاس پہلے سے موجود ہیں<br>اور (قرآن) ہدایت ہے اور بشارت ہے اہلِ ایمان کے لیے ﴿٩٧﴾ |
| 98. "Whoever is an enemy to Allah, and His angels, and His messengers, and Gabriel, and Michael, then indeed, Allah is an enemy to the disbelievers." | مَنْ كَانَ عَدُوًّا لِّلّٰهِ وَمَلٰٓئِكَتِهٖ وَرُسُلِهٖ وَجِبْرِيْلَ وَمِيْكٰلَ فَاِنَّ اللّٰهَ عَدُوٌّ لِّلْكٰفِرِيْنَ ﴿٩٨﴾ | جو ہے دشمن اللہ کا اور اس کے فرشتوں کا<br>اور اس کے رسُولوں کا اور جبریلؑ و میکائیلؑ کا،<br>تو بیشک اللہ بھی دشمن ہے کافروں کا ﴿٩٨﴾ |
| 99. And indeed We have sent down to you manifest verses, and none disbelieve in them except those who are disobedient. | وَلَقَدْ اَنْزَلْنَآ اِلَيْكَ اٰيٰتٍۢ بَيِّنٰتٍ ۚ وَمَا يَكْفُرُ بِهَآ اِلَّا الْفٰسِقُوْنَ ﴿٩٩﴾ | اور بیشک نازل کی ہیں ہم نے تمہاری طرف ایسی آیات جو<br>صاف صاف (حق کا) اظہار کرنے والی ہیں اور نہیں انکار کرتے<br>اُن کا مگر وہی جو نافرمان ہیں ﴿٩٩﴾ |

| | |
|---|---|
| 100. Is it (not true) that every time they took a covenant, a party of them threw it away. But most of them do not believe. | اَوَكُلَّمَا عٰهَدُوْا عَهْدًا نَّبَذَهٗ فَرِيْقٌ مِّنْهُمْ ۭ بَلْ اَكْثَرُهُمْ لَا يُؤْمِنُوْنَ ۝۱۰۰ |
| 101. And when there came to them a messenger from Allah, confirming that which was with them, a party of those who had been given the Scripture, threw the Scripture of Allah behind their backs as if they did not know. | وَلَمَّا جَاۗءَهُمْ رَسُوْلٌ مِّنْ عِنْدِ اللهِ مُصَدِّقٌ لِّمَا مَعَهُمْ نَبَذَ فَرِيْقٌ مِّنَ الَّذِيْنَ اُوْتُوا الْكِتٰبَ ۘ كِتٰبَ اللهِ وَرَاۗءَ ظُهُوْرِهِمْ كَاَنَّهُمْ لَا يَعْلَمُوْنَ ۝۱۰۱ |

کیا (ایسا نہیں ہوتا رہا کہ) جب بھی اُنھوں نے کوئی عہد کیا
تو اُٹھا کر پھینک دیا اس کو ایک گروہ نے ان ہی میں سے
حقیقت تو یہ ہے کہ ان میں سے اکثر ایمان نہیں لاتے ۝۱۰۰
اور جب آیا ان کے پاس کوئی رسُول، اللہ کی طرف سے
تصدیق کرتا ہُوا ان (کتابوں) کی جو ان کے پاس موجود ہیں
تو پھینک دیا ایک گروہ نے اُن میں سے جنہیں
دی گئی تھی کتاب، اللہ ہی کی کتاب کو
پسِ پُشت، اس طرح کہ گویا وہ (اُسے) جانتے ہی نہیں ۝۱۰۱

| | | |
|---|---|---|
| 102. And they follow that which the devils had recited during the kingdom of Solomon. And Solomon did not disbelieve, but the devils disbelieved, teaching people magic, and that which was sent down to the two angels in Babylon, Harut and Marut. And they (the two angels) did not teach (it) to anyone, till they had said: "We are only a trial, therefore disbelieve not (in the guidance of Allah)." Then from these two (angles) they learned that by which they could cause separation between man and his wife. And they could not harm through it anyone, except by Allah's permission. And they learned that which harmed them, and profited them not. And surely they knew that whoever purchased it (magic), will not have in the Hereafter any share. And surely evil is that for which they have sold themselves, if they only knew. | وَاتَّبَعُوْا مَا تَتْلُوا الشَّيٰطِيْنُ عَلٰى مُلْكِ سُلَيْمٰنَ ۚ وَمَا كَفَرَ سُلَيْمٰنُ وَلٰكِنَّ الشَّيٰطِيْنَ كَفَرُوْا يُعَلِّمُوْنَ النَّاسَ السِّحْرَ ۗ وَمَآ اُنْزِلَ عَلَى الْمَلَكَيْنِ بِبَابِلَ هَارُوْتَ وَمَارُوْتَ ۭ وَمَا يُعَلِّمٰنِ مِنْ اَحَدٍ حَتّٰى يَقُوْلَآ اِنَّمَا نَحْنُ فِتْنَةٌ فَلَا تَكْفُرْ ۭ فَيَتَعَلَّمُوْنَ مِنْهُمَا مَا يُفَرِّقُوْنَ بِهٖ بَيْنَ الْمَرْءِ وَزَوْجِهٖ ۭ وَمَا هُمْ بِضَاۗرِّيْنَ بِهٖ مِنْ اَحَدٍ اِلَّا بِاِذْنِ اللّٰهِ ۭ وَيَتَعَلَّمُوْنَ مَا يَضُرُّهُمْ وَلَا يَنْفَعُهُمْ ۭ وَلَقَدْ عَلِمُوْا لَمَنِ اشْتَرٰىهُ مَا لَهٗ فِي الْاٰخِرَةِ مِنْ خَلَاقٍ ۣ وَلَبِئْسَ مَا شَرَوْا بِهٖٓ اَنْفُسَهُمْ ۭ لَوْ كَانُوْا يَعْلَمُوْنَ ۝ | اور پیچھے لگ گئے ان (خرافات) کے جنہیں پڑھتے پڑھاتے تھے شیاطین، سلیمانؑ کے عہدِ حکومت میں حالانکہ نہیں کفر کیا سلیمانؑ نے بلکہ ان شیطانوں نے کفر کیا، سکھاتے تھے لوگوں کو جادو اور (پیچھے لگ گئے) اس (علم) کے جو نازل کیا گیا دو فرشتوں پر بابل میں یعنی ہاروت اور ماروت پر۔ حالانکہ وہ دونوں نہیں سکھاتے تھے کسی کو (وہ علم) جب تک نہ کہہ لیں یہ کہ ہم تو محض ایک آزمائش ہیں، لہٰذا تو کفر میں مُبتلا نہ ہو۔ پھر بھی وہ سیکھتے تھے ان دونوں سے ایسی چیز کہ جُدائی ڈال دیں وہ اس سے مرد اور اس کی بیوی کے درمیان۔ حالانکہ وہ نہیں پہنچا سکتے تھے نقصان اس سے کسی کو مگر اللہ کے اِذن سے اور سیکھتے تھے یہ لوگ (اُن سے) ایسی چیزیں جو نقصان تو پہنچائیں اُنہیں، لیکن نفع بالکل نہ دیں۔ حالانکہ وہ خُوب جانتے تھے کہ بیشک جو اس کا خریدار بنا، نہیں ہے اس کے لیے آخرت میں کوئی حصّہ اور یقیناً بہت ہی بُری تھی وہ چیز کہ بیچ ڈالا تھا اُنہوں نے اس کے عوض اپنی جانوں کو۔ کاش! وہ جانتے ﴿۱۰۲﴾ |
| 103. And if they had believed and feared (Allah), then the reward from Allah would have been better, if they only knew. | وَلَوْ اَنَّهُمْ اٰمَنُوْا وَاتَّقَوْا لَمَثُوْبَةٌ مِّنْ عِنْدِ اللّٰهِ خَيْرٌ ۭ لَوْ كَانُوْا يَعْلَمُوْنَ ۝ | اور اگر وہ ایمان لاتے اور تقویٰ اختیار کرتے تو بیشک وہ ثواب جو اللہ کے ہاں سے مِلتا کہیں بہتر تھا۔ کاش! وہ جانتے ﴿۱۰۳﴾ |

| | | |
|---|---|---|
| 104. O you who believe, say not (to the Prophet): "Raina (word of insult but sounding as 'listen to us'),"* but say "Look upon us," and listen. And for the disbelievers there is a painful punishment. | يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تَقُوْلُوْا رَاعِنَا وَقُوْلُوا انْظُرْنَا وَاسْمَعُوْا ۗ وَلِلْكٰفِرِيْنَ عَذَابٌ اَلِيْمٌ ﴿١٠٤﴾ | اے لوگو! جو ایمان لائے ہو نہ کہا کرو "راعِنا" بلکہ کہا کرو "اُنظُرنا" اور توجہ سے سُنا کرو اور کافروں کے لیے ہے۔ عذاب، دردناک ﴿١٠٤﴾ |
| 105. Neither those who disbelieve among the people of the Scripture, nor those who associate others (with Allah), wish that there should be sent down to you any good from your Lord. And Allah selects for His mercy whom He wills. And Allah is the owner of great bounty. | مَا يَوَدُّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا مِنْ اَهْلِ الْكِتٰبِ وَلَا الْمُشْرِكِيْنَ اَنْ يُّنَزَّلَ عَلَيْكُمْ مِّنْ خَيْرٍ مِّنْ رَّبِّكُمْ ۗ وَاللّٰهُ يَخْتَصُّ بِرَحْمَتِهٖ مَنْ يَّشَآءُ ۗ وَاللّٰهُ ذُو الْفَضْلِ الْعَظِيْمِ ﴿١٠٥﴾ | نہیں پسند کرتے وہ لوگ جو کافر ہیں، اہلِ کتاب میں سے اور نہیں (پسند کرتے) مشرک، اس بات کو کہ نازل ہو تم پر کوئی خیر تمہارے رب کی طرف سے مگر اللہ خاص کر لیتا ہے اپنی رحمت کے ساتھ جس کو چاہے اور اللہ مالک ہے فضلِ عظیم کا ﴿١٠٥﴾ |
| 106. We do not abrogate a verse, or cause it to be forgotten, (but) We bring better than it, or similar to it. Do you not know that Allah has power over all things. | مَا نَنْسَخْ مِنْ اٰيَةٍ اَوْ نُنْسِهَا نَاْتِ بِخَيْرٍ مِّنْهَآ اَوْ مِثْلِهَا ۗ اَلَمْ تَعْلَمْ اَنَّ اللّٰهَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ﴿١٠٦﴾ | نہیں منسوخ کرتے ہیں ہم کسی آیت کو یا بھلا دیتے ہیں کسی آیت کو تو عطا کرتے ہیں بہتر اس سے یا ویسی ہی۔ کیا نہیں جانتے تم کہ بیشک اللہ ہر چیز پر قدرت رکھتا ہے ﴿١٠٦﴾ |
| 107. Do you not know that it is Allah to Whom belongs the dominion of the heavens and the earth. And you have not, besides Allah, any protector nor helper. | اَلَمْ تَعْلَمْ اَنَّ اللّٰهَ لَهٗ مُلْكُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ۗ وَمَا لَكُمْ مِّنْ دُوْنِ اللّٰهِ مِنْ وَّلِيٍّ وَّلَا نَصِيْرٍ ﴿١٠٧﴾ | کیا نہیں جانتے تم کہ یقیناً اللہ ہی ہے جس کو سزاوار ہے بادشاہی آسمانوں کی اور زمین کی۔ اور نہیں ہے تمہارا اللہ کے سوا کوئی سرپرست اور نہ کوئی مددگار؟ ﴿١٠٧﴾ |

| | | |
|---|---|---|
| 108. Or do you intend to ask your messenger (Muhammad) as Moses was asked before. And he who exchanges faith for disbelief, then indeed, he has strayed from a right way. | اَمْ تُرِيْدُوْنَ اَنْ تَسْـَٔلُوْا رَسُوْلَكُمْ كَمَا سُىِٕلَ مُوْسٰى مِنْ قَبْلُ ۭ وَمَنْ يَّتَبَدَّلِ الْكُفْرَ بِالْاِيْمَانِ فَقَدْ ضَلَّ سَوَاۗءَ السَّبِيْلِ ﴿۱۰۸﴾ | پھر کیا چاہتے ہو تم کہ سوالات اور مطالبات کرو اپنے رسُول سے<br>اسی طرح جیسے سوالات اور مطالبات کیے گئے موسیٰؑ سے<br>اس سے پہلے ۔ اور جس نے اختیار کیا کفر<br>ایمان کے بدلے تو یقیناً بھٹک گیا وہ سیدھی راہ سے ﴿۱۰۸﴾ |
| 109. Many of the people of the Scripture wish if they could turn you back as disbelievers after your belief. Out of envy from their own selves, after the truth has become manifest to them. So forgive and overlook, until Allah brings His command. Indeed, Allah has power over all things. | وَدَّ كَثِيْرٌ مِّنْ اَهْلِ الْكِتٰبِ لَوْ يَرُدُّوْنَكُمْ مِّنْۢ بَعْدِ اِيْمَانِكُمْ كُفَّارًا ۚ حَسَدًا مِّنْ عِنْدِ اَنْفُسِهِمْ مِّنْۢ بَعْدِ مَا تَبَيَّنَ لَهُمُ الْحَقُّ ۚ فَاعْفُوْا وَاصْفَحُوْا حَتّٰى يَاْتِيَ اللّٰهُ بِاَمْرِهٖ ۭ اِنَّ اللّٰهَ عَلٰي كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ﴿۱۰۹﴾ | دل و جان سے چاہتے ہیں بہت سے لوگ اہلِ کتاب میں سے<br>کہ کاش! واپس پھیر دیں تم کو<br>(یعنی) تمہارے ایمان لے آنے کے بعد (تمہیں) پھر کافر بنا دیں<br>حسد کی بنا پر جو ان کے دلوں میں ہے<br>بعد اس کے کہ کھل کر سامنے آ گیا ہے ان کے حق<br>سو تم معاف کرتے رہو اور درگزر سے کام لو، یہاں تک کہ<br>نافذ فرمائے اللہ خود ہی اپنا فیصلہ<br>بیشک اللہ ہر چیز پر قادر ہے ﴿۱۰۹﴾ |
| 110. And establish prayer, and give the poor-due. And whatever of good you send forth before (you) for yourselves, you will find it with Allah. Indeed, Allah is All Seer of what you do. | وَاَقِيْمُوا الصَّلٰوةَ وَاٰتُوا الزَّكٰوةَ ۭ وَمَا تُقَدِّمُوْا لِاَنْفُسِكُمْ مِّنْ خَيْرٍ تَجِدُوْهُ عِنْدَ اللّٰهِ ۭ اِنَّ اللّٰهَ بِمَا تَعْمَلُوْنَ بَصِيْرٌ ﴿۱۱۰﴾ | اور قائم رکھو نماز اور دیتے رہو زکوٰۃ<br>اور جو بھی آگے بھیجو گے تم اپنے لیے کسی قسم کی بھلائی،<br>پالو گے اُسے اللہ کے ہاں۔ بیشک اللہ<br>ان اعمال کو جو تم کرتے ہو دیکھ رہا ہے ﴿۱۱۰﴾ |

| | | |
|---|---|---|
| وَ قَالُوْا لَنْ يَّدْخُلَ الْجَنَّةَ | اور کہتے ہیں (یہودی اور عیسائی) کہ ہرگز نہیں داخل ہوگا | 111. And they say: "None shall enter paradise except he be a Jew or a Christian." That is their own wishful thinking. Say: "Bring your proof if you are truthful." |
| اِلَّا مَنْ كَانَ هُوْدًا اَوْ نَصٰرٰى ؕ | جنّت میں مگر وہ جو ہوگا یہودی یا نصرانی، | |
| تِلْكَ اَمَانِيُّهُمْ ؕ قُلْ هَاتُوْا | یہ باتیں اُن کی تمنائیں ہیں۔ ان سے کہو پیش کرو | |
| بُرْهَانَكُمْ اِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ ﴿۱۱۱﴾ | دلیل اپنی، اگر ہو تم سچے ﴿۱۱۱﴾ | |
| بَلٰى ۚ مَنْ اَسْلَمَ وَجْهَهٗ لِلّٰهِ وَهُوَ | ہاں بلاشُبہ ! جس نے سرِ تسلیم خم کردیا اللہ کے حضور | 112. Nay, but whoever submits his face (self) to Allah, and he is a doer of good, then for him is his reward with his Lord. And no fear shall be upon them, nor shall they grieve. |
| مُحْسِنٌ فَلَهٗۤ اَجْرُهٗ عِنْدَ رَبِّهٖ ۪ وَلَا | اور عملاً بھی نیک رَوِش اختیار کی، سو ایسے شخص کے لیے ہے | |
| خَوْفٌ عَلَيْهِمْ وَلَا هُمْ يَحْزَنُوْنَ ﴿۱۱۲﴾ | اس کا اجر اس کے رب کے پاس اور نہیں ہے کسی طرح کا خوف | |
| | ایسے لوگوں کے لیے اور نہ وہ غمگین ہوں گے ﴿۱۱۲﴾ | |
| وَقَالَتِ الْيَهُوْدُ لَيْسَتِ النَّصٰرٰى عَلٰى | اور کہتے ہیں یہودی نہیں ہیں نصرانی | 113. And the Jews say: "The Christians have nothing (to stand) upon." And the Christians say: "The Jews have nothing (to stand) upon." And they (both) read the Scripture. Thus speak those (pagans) who know not, same as their words. So Allah will judge between them on the Day of Resurrection about that in which they used to differ. |
| شَيْءٍ ۖ وَّقَالَتِ النَّصٰرٰى لَيْسَتِ الْيَهُوْدُ | کسی راہ پر اور کہتے ہیں نصرانی، | |
| عَلٰى شَيْءٍ ۙ وَّهُمْ يَتْلُوْنَ الْكِتٰبَ ؕ كَذٰلِكَ | نہیں ہیں یہودی کسی راہ پر حالانکہ یہ سب تلاوت کرتے ہیں | |
| قَالَ الَّذِيْنَ لَا يَعْلَمُوْنَ مِثْلَ قَوْلِهِمْ ۚ | کتاب اللہ کی۔ اسی طرح کہی اُن لوگوں نے بھی، جو | |
| فَاللّٰهُ يَحْكُمُ بَيْنَهُمْ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ فِيْمَا | کچھ نہیں جانتے، اِن ہی کی سی بات: لہٰذا اب اللہ فیصلہ کرے گا | |
| كَانُوْا فِيْهِ يَخْتَلِفُوْنَ ﴿۱۱۳﴾ | ان کے مابین، قیامت کے دن ان باتوں کا | |
| | جن میں یہ اختلاف کر رہے ہیں ﴿۱۱۳﴾ | |

| | | |
|---|---|---|
| 114. And who is more unjust than the one who forbids, in the places of worship of Allah, that His name should be mentioned therein, and strives for their ruin. Those, it was not for them that they should enter them (places of worship) except in fear. For them in this world is disgrace, and for them in the Hereafter is a great punishment. | وَمَنْ اَظْلَمُ مِمَّنْ مَّنَعَ مَسٰجِدَ اللّٰهِ اَنْ يُّذْكَرَ فِيْهَا اسْمُهٗ وَسَعٰى فِيْ خَرَابِهَا ؕ اُولٰٓئِكَ مَا كَانَ لَهُمْ اَنْ يَّدْخُلُوْهَآ اِلَّا خَآئِفِيْنَ ؕ لَهُمْ فِي الدُّنْيَا خِزْيٌ وَّلَهُمْ فِي الْاٰخِرَةِ عَذَابٌ عَظِيْمٌ ﴿۱۱۴﴾ | اور کون بڑا ظالم ہے اس سے جو روکے اللہ کی مسجدوں میں اس سے کہ ذکر کیا جائے ان میں اللہ کے نام کا اور کوشش کرے ان کو ویران کرنے کی ۔ ایسے لوگوں کو نہیں ہے یہ حق بھی کہ داخل ہوں مسجدوں میں، مگر ڈرتے ڈرتے۔ اُن کے لیے ہے دُنیا میں ذلّت اور ان ہی کے لیے ہے آخرت میں عذابِ عظیم ﴿۱۱۴﴾ |
| 115. And to Allah belong the east and the west. So wherever you turn, there is the Face of Allah. Indeed, Allah is All Encompassing, All Knowing. | وَلِلّٰهِ الْمَشْرِقُ وَالْمَغْرِبُ ۚ فَاَيْنَمَا تُوَلُّوْا فَثَمَّ وَجْهُ اللّٰهِ ؕ اِنَّ اللّٰهَ وَاسِعٌ عَلِيْمٌ ﴿۱۱۵﴾ | اور اللہ ہی کا ہے مشرق بھی اور مغرب بھی، سو جس طرف بھی تم رُخ کرو اسی طرف ہے رُخ اللہ کا بیشک اللہ بڑی وسعت والا اور سب کچھ جاننے والا ہے ﴿۱۱۵﴾ |
| 116. And they say: "Allah has taken unto Himself a son." Be He glorified. But to Him belongs whatever is in the heavens and the earth. All surrender with obedience to Him. | وَقَالُوا اتَّخَذَ اللّٰهُ وَلَدًا سُبْحٰنَهٗ ؕ بَلْ لَّهٗ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ؕ كُلٌّ لَّهٗ قٰنِتُوْنَ ﴿۱۱۶﴾ | اور اُنھوں نے کہا کہ رکھتا ہے اللہ اولاد پاک ہے اللہ (ان باتوں سے)۔ حقیقت یہ ہے کہ اُسی کا ہے جو کچھ ہے آسمانوں میں اور زمین میں، سبھی ہیں اس کے مطیع فرمان ﴿۱۱۶﴾ |
| 117. The Originator of the heavens and the earth. And when He decrees a matter, He only says to it: "Be." And it is. | بَدِيْعُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ؕ وَاِذَا قَضٰٓى اَمْرًا فَاِنَّمَا يَقُوْلُ لَهٗ كُنْ فَيَكُوْنُ ﴿۱۱۷﴾ | موجدِ بے مثال، آسمانوں اور زمین کا ۔ اور جب فیصلہ کرتا ہے وہ کسی کام کا تو بس حکم دیتا ہے اسے کہ ہو جا اور وہ ہو جاتا ہے ﴿۱۱۷﴾ |

| | | |
|---|---|---|
| 118. And those who have no knowledge say: "Why does not Allah speak to us, or (why not) comes to us some sign." So said those before them, similar to their words. Their hearts are alike. We have indeed made clear the signs for the people who believe with certainty. | وَقَالَ الَّذِيْنَ لَا يَعْلَمُوْنَ لَوْلَا يُكَلِّمُنَا اللّٰهُ اَوْ تَاْتِيْنَآ اٰيَةٌ ؕ كَذٰلِكَ قَالَ الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِهِمْ مِّثْلَ قَوْلِهِمْ ؕ تَشَابَهَتْ قُلُوْبُهُمْ ؕ قَدْ بَيَّنَّا الْاٰيٰتِ لِقَوْمٍ يُّوْقِنُوْنَ ﴿۱۱۸﴾ | اور کہا ان لوگوں نے جو نادان ہیں کہ آخر کیوں نہیں کلام کرتا ہم سے خود اللہ، یا کیوں نہیں آتی ہمارے پاس کوئی نشانی؟ اسی طرح کہہ چکے ہیں وہ لوگ جو ان سے پہلے تھے ان ہی کی سی بات۔ ایک جیسے ہیں ان سب کے دل۔ بیشک ہم بیان کر چکے ہیں نشانیاں ان لوگوں کے لیے جو صاحبِ یقین ہیں ﴿۱۱۸﴾ |
| 119. Certainly, We have sent you (O Muhammad) with the truth, as a bringer of good tidings, and a warner. And you will not be asked about the companions of Hell fire. | اِنَّآ اَرْسَلْنٰكَ بِالْحَقِّ بَشِيْرًا وَّنَذِيْرًا ۙ وَّلَا تُسْـَٔلُ عَنْ اَصْحٰبِ الْجَحِيْمِ ﴿۱۱۹﴾ | (اس سے بڑی نشانی اور کیا ہوگی کہ) ہم نے بھیجا ہے تم کو (اے محمدؐ) علم حق کے ساتھ، خوشخبری دینے والا اور ڈرانے والا بنا کر اور پرسش نہیں ہوگی تم سے اہل دوزخ کے بارے میں ﴿۱۱۹﴾ |
| 120. And the Jews will never be pleased with you, nor the Christians, until you follow their religion. Say: "Indeed, the guidance of Allah is the (only) guidance." And if you were to follow their desires after what has come to you of the knowledge, (then) you would not have against Allah any protector, nor a helper. | وَلَنْ تَرْضٰى عَنْكَ الْيَهُوْدُ وَلَا النَّصٰرٰى حَتّٰى تَتَّبِعَ مِلَّتَهُمْ ؕ قُلْ اِنَّ هُدَى اللّٰهِ هُوَ الْهُدٰى ؕ وَلَئِنِ اتَّبَعْتَ اَهْوَآءَهُمْ بَعْدَ الَّذِىْ جَآءَكَ مِنَ الْعِلْمِ ۙ مَا لَكَ مِنَ اللّٰهِ مِنْ وَّلِىٍّ وَّلَا نَصِيْرٍ ﴿۱۲۰﴾ | اور ہرگز نہ راضی ہوں گے تم سے یہودی اور نہ عیسائی جب تک کہ (نہ) ہو جاؤ تم تابع اُن کے دین کے۔ تم کہہ دو بیشک اللہ کی ہدایت ہی حقیقی ہدایت ہے اور اگر کہیں پیروی کر لی تم نے ان کی خواہشات کی اس کے بعد بھی کہ آچکا ہے تمہارے پاس علم تو نہیں ہوگا تم کو اللہ (کی گرفت) سے (بچانے والا) کوئی دوست اور نہ کوئی مددگار ﴿۱۲۰﴾ |

| | |
|---|---|
| 121. Those to whom We have given the Book, they recite it with its true recital. Those (are the ones who) believe in it. And whoever disbelieves in it, then such are those who are the losers. | اَلَّذِيْنَ اٰتَيْنٰهُمُ الْكِتٰبَ يَتْلُوْنَهٗ حَقَّ تِلَاوَتِهٖ ؕ اُولٰٓئِكَ يُؤْمِنُوْنَ بِهٖ ؕ وَمَنْ يَّكْفُرْ بِهٖ فَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْخٰسِرُوْنَ ﴿۱۲۱﴾ |
| 122. O Children of Israel, remember My favor which I bestowed upon you, and that I preferred you over the worlds (people). | يٰبَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ اذْكُرُوْا نِعْمَتِيَ الَّتِيْٓ اَنْعَمْتُ عَلَيْكُمْ وَاَنِّيْ فَضَّلْتُكُمْ عَلَى الْعٰلَمِيْنَ ﴿۱۲۲﴾ |
| 123. And fear a Day (of Judgment) when no soul will avail another soul at all, nor will compensation be accepted from it, nor will intercession benefit it, nor will they be helped. | وَاتَّقُوْا يَوْمًا لَّا تَجْزِيْ نَفْسٌ عَنْ نَّفْسٍ شَيْـًٔا وَّلَا يُقْبَلُ مِنْهَا عَدْلٌ وَّلَا تَنْفَعُهَا شَفَاعَةٌ وَّلَا هُمْ يُنْصَرُوْنَ ﴿۱۲۳﴾ |
| 124. And when Abraham was tried by his Lord with certain words (commands), so he fulfilled them. He (Allah) said: "Surely, I have appointed you a leader for mankind." He said: "And of my descendants." He (Allah) said: "My covenant does not reach the wrongdoers." | وَاِذِ ابْتَلٰٓى اِبْرٰهٖمَ رَبُّهٗ بِكَلِمٰتٍ فَاَتَمَّهُنَّ ؕ قَالَ اِنِّيْ جَاعِلُكَ لِلنَّاسِ اِمَامًا ؕ قَالَ وَمِنْ ذُرِّيَّتِيْ ؕ قَالَ لَا يَنَالُ عَهْدِي الظّٰلِمِيْنَ ﴿۱۲۴﴾ |

| |
|---|
| وہ لوگ جن کو دی ہم نے کتاب، (جو) پڑھتے ہیں اُسے |
| جیسا کہ اس کے پڑھنے کا حق ہے ۔ وہی لوگ ایمان رکھتے ہیں |
| اس پر ۔ اور جو کفر کا رویہ اختیار کرتے ہیں اس کے ساتھ |
| سو وہی ہیں نقصان اُٹھانے والے ﴿۱۲۱﴾ |
| اے بنی اسرائیل! یاد کرو میری وہ نعمت |
| جو عطا کی میں نے تم کو اور یہ کہ میں نے |
| فضیلت بخشی تھی تمہیں اہلِ جہان پر ﴿۱۲۲﴾ |
| اور ڈرو اس دن سے جب کام نہ آئے گا کوئی |
| کسی کے ذرا بھی اور نہ قبول کیا جائے گا اس کی طرف سے |
| بدلے میں (کوئی دوسرا) اور نہ فائدہ پہنچائے گی اسے |
| سفارش اور نہ ان (مجرموں) کو مدد ہی پہنچے گی ﴿۱۲۳﴾ |
| اور جب آزمایا ابراہیمؑ کو اس کے رب نے چند باتوں سے |
| اور اس نے وہ پوری کر دکھائیں ۔ تو ارشاد ہوا، بیشک میں |
| بنانے والا ہوں تمہیں سب لوگوں کا پیشوا۔ ابراہیمؑ نے عرض کیا |
| اور کیا میری اولاد میں بھی؟ فرمایا نہیں پہنچے گا |
| میرا وعدہ ظالموں کو ﴿۱۲۴﴾ |

| | | |
|---|---|---|
| 125. And when We made the House (Kaaba) a place of return for mankind, and (a place of) safety. (Saying): "And take, the place where Abraham stood, as a place of prayer." And We commanded Abraham and Ishmael, (saying): "Purify My house for those who go around (twaf), and those who stay therein (Itikaf), and those who bow down (Ruku), (and) prostrate (Sajadah)." | وَاِذْ جَعَلْنَا الْبَيْتَ مَثَابَةً لِّلنَّاسِ وَاَمْنًا ؕ وَاتَّخِذُوْا مِنْ مَّقَامِ اِبْرٰهٖمَ مُصَلًّى ؕ وَعَهِدْنَآ اِلٰٓى اِبْرٰهٖمَ وَاِسْمٰعِيْلَ اَنْ طَهِّرَا بَيْتِىَ لِلطَّآئِفِيْنَ وَالْعٰكِفِيْنَ وَالرُّكَّعِ السُّجُوْدِ ﴿۱۲۵﴾ | اورجب بنایا ہم نے بیت اللہ کو مرکز لوگوں کے لیے اور امن کی جگہ ۔اور (حکم دیا کہ) بناؤ مقام ابراہیمؑ کو نماز پڑھنے کی جگہ اور تاکید کی ہم نے ابراہیمؑ واسماعیلؑ کو ، یہ کہ پاک رکھنا تم دونوں، میرے اس گھر کو طواف کرنے والوں ،اعتکاف کرنے والوں اور رکوع وسجود کرنے والوں کے لیے ﴿۱۲۵﴾ |
| 126. And when Abraham said: "My Lord, make this a secure city, and provide its people with fruits, those among them who believe in Allah and the Last Day." He (Allah) said: "And whoever disbelieves, so I shall give him enjoyment for a little while, then I shall force him to the punishment of the Fire. An evil destination." | وَاِذْ قَالَ اِبْرٰهٖمُ رَبِّ اجْعَلْ هٰذَا بَلَدًا اٰمِنًا وَّارْزُقْ اَهْلَهٗ مِنَ الثَّمَرٰتِ مَنْ اٰمَنَ مِنْهُمْ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ ؕ قَالَ وَمَنْ كَفَرَ فَاُمَتِّعُهٗ قَلِيْلًا ثُمَّ اَضْطَرُّهٗٓ اِلٰى عَذَابِ النَّارِ ؕ وَبِئْسَ الْمَصِيْرُ ﴿۱۲۶﴾ | اور جب دعا کی ابراہیمؑ نے اے میرے رب! بنادے اس (جگہ) کو امن والا شہر اور رزق دے اس کے باشندوں کو ہر قسم کے پھلوں کا، ان کو جو ایمان لائیں ان میں سے اللہ پر اور روزِ آخر پر ۔ رب نے فرمایا اور جو ایمان نہ لائے گا فائدہ پہنچاؤں گا میں اس کو بھی، مگر قلیل پھر گھسیٹوں گا اس کو دوزخ کے عذاب کی طرف ۔اور وہ بدترین ٹھکانا ہے ﴿۱۲۶﴾ |
| 127. And when Abraham was raising the foundations of the House, and Ishmael. (Saying): "Our Lord, accept (this) from us. Indeed, You are the All Hearer, the All Knower." | وَاِذْ يَرْفَعُ اِبْرٰهٖمُ الْقَوَاعِدَ مِنَ الْبَيْتِ وَاِسْمٰعِيْلُ ؕ رَبَّنَا تَقَبَّلْ مِنَّا ؕ اِنَّكَ اَنْتَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ ﴿۱۲۷﴾ | اور جب اٹھا رہے تھے ابراہیمؑ بنیادیں بیت اللہ کی اور اسماعیلؑ بھی ۔(اور دعا کرتے جاتے تھے) اے ہمارے رب! قبول فرما ۔ ہم سے (یہ خدمت) بیشک تو ہی ہے سب کچھ سننے والا اور سب کچھ جاننے والا ﴿۱۲۷﴾ |

| | | |
|---|---|---|
| 128. "Our Lord, and make us submissive to You, and from our offspring, a nation submissive to You. And show us our rituals (of pilgrimage), and accept our repentance. Indeed, You are the one who accepts repentance, the Most Merciful." | رَبَّنَا وَاجْعَلْنَا مُسْلِمَيْنِ لَكَ وَمِنْ ذُرِّيَّتِنَآ اُمَّةً مُّسْلِمَةً لَّكَ ۠ وَاَرِنَا مَنَاسِكَنَا وَتُبْ عَلَيْنَا ۚ اِنَّكَ اَنْتَ التَّوَّابُ الرَّحِيْمُ ﴿١٢٨﴾ | اے ہمارے رب! اور بنا ہم دونوں کو فرمانبردار اپنا اور ہماری نسل میں سے (اُٹھا) ایک اُمت جو مطیع فرمان ہو تیری اور بتا ہمیں طریقے اپنی عبادت کے اور قبول فرما ہماری توبہ بیشک تو ہی ہے توبہ قبول فرمانے والا، رحم فرمانے والا ﴿١٢٨﴾ |
| 129. "Our Lord, and raise in them a messenger from among them, who shall recite to them Your verses, and shall teach them the Book and wisdom, and shall purify them. Indeed, You are the All Mighty, the All Wise." | رَبَّنَا وَابْعَثْ فِيْهِمْ رَسُوْلًا مِّنْهُمْ يَتْلُوْا عَلَيْهِمْ اٰيٰتِكَ وَيُعَلِّمُهُمُ الْكِتٰبَ وَالْحِكْمَةَ وَيُزَكِّيْهِمْ ۭ اِنَّكَ اَنْتَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ ﴿١٢٩﴾ | اے ہمارے رب! اور بھیج ان میں ایک رسول اُن ہی میں سے (جو) پڑھ کر سُنائے ان کو تیری آیات اور تعلیم دے اُن کو کتاب و حکمت کی اور پاک کرے ان (کے دلوں اور زندگیوں) کو بیشک تو ہی تو ہے ہر چیز پر غالب اور کامل حکمت والا ﴿١٢٩﴾ |
| 130. And who would be averse to the religion of Abraham, except him who befools himself. And We had chosen him in the world. And indeed, in the Hereafter, he will be among the righteous. | وَمَنْ يَّرْغَبُ عَنْ مِّلَّةِ اِبْرٰهٖمَ اِلَّا مَنْ سَفِهَ نَفْسَهٗ ۭ وَلَقَدِ اصْطَفَيْنٰهُ فِي الدُّنْيَا ۚ وَاِنَّهٗ فِي الْاٰخِرَةِ لَمِنَ الصّٰلِحِيْنَ ﴿١٣٠﴾ | اب کون ہے جو انحراف کرے گا ملّتِ ابراہیمؑ سے بجز اس شخص کے جس نے حماقت میں مبتلا کر لیا ہو اپنے آپ کو جبکہ درحقیقت منتخب کر لیا ہم نے ابراہیمؑ کو دُنیا میں اور بیشک ہوگا وہ آخرت میں صالحین میں سے ﴿١٣٠﴾ |
| 131. When his Lord said to him: "Submit." He said: "I have submitted myself to the Lord of the Worlds." | اِذْ قَالَ لَهٗ رَبُّهٗٓ اَسْلِمْ ۙ قَالَ اَسْلَمْتُ لِرَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ﴿١٣١﴾ | (وہ تو ایسا تھا کہ) جب کہا اس سے اس کے رب نے کہ مسلم ہو جا، اس نے (فوراً) کہا میں فرمانبردار ہو گیا ربِّ کائنات کا ﴿١٣١﴾ |

| | | |
|---|---|---|
| 132. And Abraham enjoined the same (submission to Allah) upon his sons, and Jacob, (saying): "O my sons, indeed, Allah has chosen for you this religion, so do not die except while you have submitted." | وَوَصّٰى بِهَآ اِبْرٰهٖمُ بَنِيْهِ وَيَعْقُوْبُ ؕ يٰبَنِيَّ اِنَّ اللّٰهَ اصْطَفٰى لَكُمُ الدِّيْنَ فَلَا تَمُوْتُنَّ اِلَّا وَاَنْتُمْ مُّسْلِمُوْنَ ﴿۱۳۲﴾ | اور وصیت کی اسی دین (پر قائم رہنے) کی ابراہیمؑ نے اپنے بیٹوں کو اور یعقوبؑ نے بھی۔ اے میرے بیٹو! بیشک اللہ نے منتخب فرمالیا ہے تمہارے لیے اس دین کو لہٰذا تم ہرگز نہ مرنا مگر اس حالت میں کہ ہو تم مسلمان ﴿۱۳۲﴾ |
| 133. Or were you present when death approached Jacob, when he said to his sons: "What will you worship after me." They said: "We shall worship your God, and the God of your fathers, Abraham, and Ishmael, and Isaac, One God, and to Him we have submitted." | اَمْ كُنْتُمْ شُهَدَآءَ اِذْ حَضَرَ يَعْقُوْبَ الْمَوْتُ ۙ اِذْ قَالَ لِبَنِيْهِ مَا تَعْبُدُوْنَ مِنْۢ بَعْدِيْ ؕ قَالُوْا نَعْبُدُ اِلٰهَكَ وَاِلٰهَ اٰبَآئِكَ اِبْرٰهٖمَ وَاِسْمٰعِيْلَ وَاِسْحٰقَ اِلٰهًا وَّاحِدًا ۚ وَّنَحْنُ لَهٗ مُسْلِمُوْنَ ﴿۱۳۳﴾ | کیا تھے تم حاضر اس وقت جب قریب آیا، یعقوبؑ کی موت کا وقت۔ جب پُوچھا تھا اس نے اپنے بیٹوں سے کہ کس کی عبادت کرو گے تم میرے بعد؟ ان سب نے کہا: عبادت کریں گے ہم تیرے معبود کی اور تیرے آباؤ اجداد ابراہیمؑ، اسماعیلؑ اور اسحاقؑ کے معبود کی، جو الٰہِ واحد ہے اور ہم سب اسی کے فرمانبردار ہیں ﴿۱۳۳﴾ |
| 134. That was a nation which has passed away. For them is that which they earned, and for you is that which you earn. And you will not be asked of what they used to do. | تِلْكَ اُمَّةٌ قَدْ خَلَتْ ۚ لَهَا مَا كَسَبَتْ وَلَكُمْ مَّا كَسَبْتُمْ ۚ وَلَا تُسْـَٔلُوْنَ عَمَّا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ﴿۱۳۴﴾ | یہ ایک گروہ تھا جو ہو گزرا، ان کے لیے ہے جو اُنہوں نے کمایا اور تمہارے لیے وہی ہے جو تم کماؤ گے اور تم سے یہ نہ پُوچھا جائے گا کہ کیا کرتے رہے وہ ﴿۱۳۴﴾ |
| 135. And they say: "Be Jews or Christians, you will (then) be guided." Say (O Muhammad): "Nay, (we follow) the religion of Abraham, the firm in faith, and he was not of those who associate partners (with Allah)." | وَقَالُوْا كُوْنُوْا هُوْدًا اَوْ نَصٰرٰى تَهْتَدُوْا ؕ قُلْ بَلْ مِلَّةَ اِبْرٰهٖمَ حَنِيْفًا ؕ وَمَا كَانَ مِنَ الْمُشْرِكِيْنَ ﴿۱۳۵﴾ | اور کہتے ہیں کہ ہو جاؤ یہودی یا نصرانی، ہدایت پا جاؤ گے کہہ دو! نہیں، بلکہ طریقہ ابراہیمؑ کا جو سب کو چھوڑ کر اللہ کا ہو گیا تھا اور نہ تھا وہ مشرکوں میں سے ﴿۱۳۵﴾ |

| | | |
|---|---|---|
| 136. Say (O Muslims): "We believe in Allah and that which has been sent down to us, and that which was sent down to Abraham, and Ishmael, and Isaac, and Jacob, and the tribes, and that which was given to Moses and Jesus, and that which was given to the prophets from their Lord. We make no distinction between any of them, and to Him we have submitted." | قُوْلُوْٓا اٰمَنَّا بِاللّٰهِ وَمَآ اُنْزِلَ اِلَيْنَا وَمَآ اُنْزِلَ اِلٰٓى اِبْرٰهٖمَ وَاِسْمٰعِيْلَ وَاِسْحٰقَ وَيَعْقُوْبَ وَالْاَسْبَاطِ وَمَآ اُوْتِيَ مُوْسٰى وَعِيْسٰى وَمَآ اُوْتِيَ النَّبِيُّوْنَ مِنْ رَّبِّهِمْ ۚ لَا نُفَرِّقُ بَيْنَ اَحَدٍ مِّنْهُمْ ۖ وَنَحْنُ لَهٗ مُسْلِمُوْنَ ﴿١٣٦﴾ | (مسلمانو) تم کہدو کہ ہم ایمان لائے اللہ پر اور اس پر جو نازل کیا گیا ہماری طرف اور جو نازل کیا گیا ابراہیمؑ، اسماعیلؑ، اسحاقؑ اور یعقوبؑ پر اور اس کی اولاد پر اور جو دیا گیا موسیٰؑ کو اور عیسیٰؑ کو اور جو دیا گیا نبیوں کو ان کے رب کی طرف سے، نہیں تفریق کرتے ہم ان کے درمیان اور ہم اللہ ہی کے فرمانبردار ہیں ﴿١٣٦﴾ |
| 137. So if they believe in the same that which you believe, then they are (rightly) guided. And if they turn away, then they are only in schism. So Allah will be sufficient for you against them. And He is the All Hearer, the All Knower. | فَاِنْ اٰمَنُوْا بِمِثْلِ مَآ اٰمَنْتُمْ بِهٖ فَقَدِ اهْتَدَوْا ۚ وَاِنْ تَوَلَّوْا فَاِنَّمَا هُمْ فِيْ شِقَاقٍ ۚ فَسَيَكْفِيْكَهُمُ اللّٰهُ ۚ وَهُوَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ ﴿١٣٧﴾ | پھر اگر ایمان لے آئیں وہ بھی اسی طرح جیسے ایمان لائے ہو تم تو ہدایت پا گئے وہ اور اگر انحراف کریں تو پھر اصل بات یہ ہے کہ وہ ہٹ دھرمی میں پڑ گئے ہیں۔ سو کافی ہے تمہارے لیے ان کے مقابلے میں اللہ اور وہ ہر بات کا سُننے والا اور سب کچھ جاننے والا ہے ﴿١٣٧﴾ |
| 138. (Take) color (religion) of Allah, and whose color (religion) can be better than Allah's. And we are His worshippers. | صِبْغَةَ اللّٰهِ ۚ وَمَنْ اَحْسَنُ مِنَ اللّٰهِ صِبْغَةً ۖ وَّنَحْنُ لَهٗ عٰبِدُوْنَ ﴿١٣٨﴾ | اللہ کا رنگ (اختیار کرو) اور کس کا رنگ، اچھا ہے اللہ کے رنگ سے اور ہم اسی کی عبادت کرنے والے ہیں ﴿١٣٨﴾ |
| 139. Say (O Muhammad): "Do you argue with us about Allah, and He is our Lord and your Lord. And for us are our deeds, and for you are your deeds. And we are sincere to Him." | قُلْ اَتُحَآجُّوْنَنَا فِي اللّٰهِ وَهُوَ رَبُّنَا وَرَبُّكُمْ ۚ وَلَنَآ اَعْمَالُنَا وَلَكُمْ اَعْمَالُكُمْ ۚ وَنَحْنُ لَهٗ مُخْلِصُوْنَ ﴿١٣٩﴾ | کہو، کیا جھگڑتے ہو تم ہم سے اللہ کے بارے میں حالانکہ وہی ہے رب ہمارا بھی اور رب تمہارا بھی اور ہمارے لیے ہیں عمل ہمارے اور تمہارے لیے ہیں عمل تمہارے اور ہم خاص اسی کی عبادت کرنیوالے ہیں ﴿١٣٩﴾ |

| | | |
|---|---|---|
| 140. Or do you say that Abraham, and Ishmael, and Isaac, and Jacob, and the tribes were Jews or Christians. Say: "Do you know more, or does Allah. And who is more unjust than one who conceals a testimony which he has from Allah. And Allah is not unaware of what you do." | اَمْ تَقُوْلُوْنَ اِنَّ اِبْرٰهٖمَ وَاِسْمٰعِيْلَ وَاِسْحٰقَ وَيَعْقُوْبَ وَالْاَسْبَاطَ كَانُوْا هُوْدًا اَوْ نَصٰرٰى ؕ قُلْ ءَاَنْتُمْ اَعْلَمُ اَمِ اللّٰهُ ؕ وَمَنْ اَظْلَمُ مِمَّنْ كَتَمَ شَهَادَةً عِنْدَهٗ مِنَ اللّٰهِ ؕ وَمَا اللّٰهُ بِغَافِلٍ عَمَّا تَعْمَلُوْنَ ﴿۱۴۰﴾ | کیا پھر تم کہتے ہو کہ بیشک ابراہیمؑ، اسماعیلؑ، اسحٰقؑ، یعقوبؑ اور اولادِ یعقوبؑ (سب کے سب) تھے یہودی یا نصرانی کہو! کیا تم زیادہ جانتے ہو یا اللہ؟ اور کون بڑا ظالم ہے اس سے جو چھپائے وہ شہادت جو اس کے پاس ہے اللہ کی طرف سے؟ اور نہیں ہے اللہ غافل اس سے جو تم کر رہے ہو ﴿۱۴۰﴾ |
| 141. That was a nation which has passed away. For them is that which they earned, and for you is that which you earn. And you will not be asked of what they used to do. | تِلْكَ اُمَّةٌ قَدْ خَلَتْ ۚ لَهَا مَا كَسَبَتْ وَلَكُمْ مَّا كَسَبْتُمْ ۚ وَلَا تُسْـَٔلُوْنَ عَمَّا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ﴿۱۴۱﴾ | یہ بھی ایک گروہ تھا جو ہو گزرا، ان کے لیے ہے جو انہوں نے کمایا اور تمہارے لیے وہی ہے جو تم کماؤ گے اور تم سے یہ نہ پوچھا جائیگا کہ وہ کیا کرتے رہے ﴿۱۴۱﴾ |